Pas har bande ko chahiye ke ALLAH 'Azza Wa Jall se dar'ay aur un jhooti umeedon mein mubtala na ho jin se ALLAH ne mana' farmaya hai. Aur un jhooti riwayaat ki pairawi na kare jo ALLAH par jhoot baandhti hain, kyun ke Qur'an un ki takzeeb karta hai aur un riwayaat, unhein bayan karne walon aur un ke raawiyon se bara'at ka izhaar karta hai.

Mein kehta hoon: Yeh hadees wazeh taur par bayan karti hai ke logon ko Deen-e-Ilahi ki taraf bulana dar-haqeeqat ALLAH Ta'ala ki taraf se niyaabat ka ek mansab hai, jo kisi makhsoos Nass (Ilahi hukm) ke baghair mumkin nahin. Yeh koi aisa kaam nahin jisey har shakhs apni taraf se, sirf neki ya zaati koshish samajh kar anjaam de sake.

Huqeeqi nuqtah-e-nazar se bhi dekha jaye to dawat-e-deen dar-asal bandon ke huqooq, un ki jaanon aur un ke amwaal mein tasarruf ka ma'amalah hai. Is liye iske liye Maalik-e-Haqeeqi, ya'ni ALLAH Ta'ala ki taraf se qanooni ijazat darkaar hai.

Isi haqeeqat ko Ameer-ul-Momineen Ali (as) ne apni wasiyyat mein Kumayl bin Ziyad (ra) ke saamne wazeh farmaya hai, jaisa ke Tuhf- ul-'Uqool aur Bisharat-ul-Mustafa mein manqool hai. Is mein aaya hai:

يَا كُمَيْلُ، أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ اللهَ لَمْ يُظْهِرْ نَبِيًّا، وَكَانَ فِي الْأَرْضِ مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ، أَكَانَ فِي دُعَائِهِ إِلَى اللهِ مُخْطِئًا أَوْ مُصِيبًا؟ بَلْ وَاللهِ مُخْطِئًا حَتَّى يُنَصِّبَهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ، وَيُؤَهِّلَهُ۔

Aye Kumayl! batao, agar ALLAH ne koi nabi zahir na kiya hota aur zameen par koi muttaqi mo'min maujood hota, to agar woh ALLAH ki taraf dawat deta to kya woh durust hota ya ghalat? Khuda ki qasam!

---

[1] الکافی، ۵/۱۳

woh ghalat hota, yahan tak ke ALLAH 'Azza Wa Jall use is kaam ke liye muqarrar kare aur use is ka ahl banaye.

Yahan Ameer-ul-Momineen (as) ke alfaaz "Yunassibahu" (usay nasb kare) aur "Yu'ahhilahu" (use ahal banaye) par ghaur karna chahiye. In se wazeh hota hai ke Dawat IlaALLAH ek mansab hai jo ilahi ijazat ke baghair jaa'iz nahin.

Yeh aisa mansab hai jo ALLAH Ta'ala sirf us shakhs ko ata farmata hai jise Woh khaas taur par is ka ahal qarar de, taa ke woh ALLAH Ta'ala ka haqeeqi numaindah ho, logon ke saath rahmat aur hamdardi ka mu'amalah kare aur mahz qiyaadat ka khwuhish-mand na ho. Woh aisa na ho ke dawat ke naam par logon ko kisi makhsoos tanzeem ya jama'at ka rukan banane ki koshish kare, jaisa ke ba'z tehreekon ke arkaan karte hain.

Isi wajah se hamare fuqaha ka is baat par ijma' hai ke shar'iee qiyaadat sirf Imam Ma'soom (as) ke liye hai, aur Un (as) ke ba'd Faqeeh Jaami'-ush-Sharaa'it ke liye. Faqeeh ke ikhtiyaraat wohi honge jo Ma'soom (as) ne un ke liye muqarrar farmaye hain, is se ziyaadah nahin.

Balkeh deegar mazaahib ke pairo kaaron ne bhi riwayat ki hai ke RasoolULLAH (saww) ne is haqq ko ummat ke sab se ziyadah 'aalim aur faqeeh shakhs ke liye makhsoos farmaya hai. Aap (saww) ne irshaad farmaya:

مَنْ ضَرَبَ النَّاسَ بِسَيْفِهِ وَدَعَاهُمْ إِلَى نَفْسِهِ، وَفِيهِمْ مَنْ هُوَ أَعْلَمُ مِنْهُ، فَهُوَ ضَالٌّ مُتَكَلِّفٌ[1]۔

Jis ne logon par apni talwaar se hamla kya aur unhein apni taraf bulaye, halaan ke musalmano mein es se ziyaadah 'aalim walay maujood thy, to woh gumraah aur banawati thy.

---

[1] الکافی:۵/۲۷

Aur Ibne Qudamah ki Al-Mughni (Jild 2, Safhah 20) mein Imam Ahmad bin Hanbal ka ek khat riwayat kiya gaya hai: Agar koi shakhs logon ki imaamat kare, halaan ke un mein us se behtar shakhs maujood ho, to woh hameshah pasti mein rahenge.

Neez Tabaqaat Al-Hanaabilah (Jild 1, Safhah 359) mein hai: Aur yeh musalmanon par ek wajib haqq hai ke woh apne behtareen logon, Ahl-e-Deen aur fazilat walo, aur ALLAH Ta'ala ke 'ilm walao ko paish karein, jo ALLAH 'Azza Wa Jall se dar'te hain aur Us ki nigrani karte hain aur hadees mein aaya hai:

إِذَا أَمَّ بِالقَوْمِ رَجُلٌ وَخَلْفَهُ مَنْ هُوَ أَفْضَلُ مِنْهُ، لَمْ يَزَالُوا فِي سِفَالٍ۔

Agar koi shakhs logon ki imaamat kare aur us ke peeche us se behtar shakhs maujood ho, to woh hameshah pasti mein rahenge.

Neez Suyooti ne Al-Fath Al-Kabeer (Jild 3, Safhah 16) mein bhi is riwayat ko naql kiya hai.

Neez Nawawi ke Majmoo' (Jild 1, Safhah 41) mein hai ke Imam Malik ne kaha: Kisi shakhs ko yeh nahin dikhana chahiye ke woh kisi cheez ka ahl hai, jab tak ke woh es se ziyaadah 'aalim se na pouchle.

Neez Abdur Razzaq ki Al-Musannaf (Jild 5, Safhah 445) mein sahih sanad ke saath riwayat hai:

مَنْ دَعَا إِلَى إِمَارَةِ نَفْسِهِ أَوْ غَيْرِهِ مِنْ غَيْرِ مَشُورَةِ الْمُسْلِمِينَ، فَلَا يَحِلُّ لَكُمْ إِلَّا أَنْ تَقْتُلُوهُ۔

Jis ne musalmanon ke mashwarray ke baghair apni ya kisi aur ki imaarat ki taraf dawat di, to tumhare liye us ke baare mein is ke siwa kuch halaal nahin ke tum use qatl kar do.

Is bunyaad par, Shi'ah Musalmanon par laazim hai ke woh Islam ki taraf dawat dene ki shar'iee haisiyyat Jaami' ash-Sharaa'it Marja' (woh Faqeeh jo tamaam sharaa'it par poora utarta ho) se haasil karein, warna un ke 'amal ki koi shar'iee haisiyyat nahin hogi.

Aur Ahl-e-Sunnat par laazim hai ke woh apni dawat ki shar'iee haisiyyat apne mazhab ke sab se ziyaadah 'aalim fuqaha se haasil karein, phir Ahl-e-Hill wal-'Aqd (Musalmanon ke numayaan aur baa-asar afraad) ki bai'at aur raza-mandi haasil karein, warna un ke 'amal ki bhi koi shar'i haisiyyat nahin hogi.

ALLAH Ta'ala ki taraf dawat dene wale asal daaei

As-Salaamu 'Alaika Ya DaaeiyALLAH

Is se muraad yeh hai ke Imam Mehdi (ajtf) ko ALLAH Ta'ala ne logon ko apni taraf bulaane ke liye muntakhab farmaya hai. Jise ALLAH Ta'ala yeh maqam ata farmata hai aur yeh zimmedaari sonpta hai, laaziman use dawat dene ke tamaam wasaa'il aur salaahiyyatein bhi ata farmata hai, jaise 'ilm aur deegar khosusiyyaat. Isi liye Imam Mehdi (ajtf) ko "Mehdi" kaha gaya hai, kyun ke ALLAH Ta'ala unhein un tamaam umoor ki hidayat ata farmata hai jo logon ki hidayat ke liye zaroori hote hain.

Isi tarah Aimmah Isna 'Ashari (as) bhi ALLAH Ta'ala ki taraf se dawat dene wale rasmi numaindah hain. Jaisa ke Ziyarat Jaami'ah mein zikr hai:

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَئِمَّةَ الدُّعَاةِ، وَالْقَادَةَ الْهُدَاةِ۔

Salaam ho tum par, Aye dawat dene wale Imamo aur hidayat dene wale Qa'ido!

Aimmah (as) ki ALLAH Ta'ala ki taraf dawat, RasoolULLAH (saww) ki dawat ka tasalsul hai, jinhein ALLAH Ta'ala ne hukm diya ke woh Aimmah (as) ko apna khaleefah muqarrar farmayein. Chunaanche RasoolULLAH (saww) ALLAH Ta'ala ke sab se bar'e daaiee hain. Jaisa ke Qur'an mein irshaad hua:

يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللهِ.. وَمَنْ لَا يُجِبْ دَاعِيَ اللهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ[1]۔

---

[1] الأحقاف:۳۲-۳۱

Aye hamari qaum! ALLAH ke daaiee ki dawat qabool karo... aur jo ALLAH ke daaiee ki dawat qabool nahin karta, woh zameen mein ALLAH ko hargiz aajiz nahin kar sakta.

Be-shak Aimmah (as) ALLAH ki taraf dawat dene wale hain, jis tarah RasoolULLAH (saww) ne apne ba'd unhein khilafat ata farmayi. Aur mo'mineen dar-haqeeqat RasoolULLAH (saww), Aimmah (as) aur un ke jaanib se muqarrar kardah numaindon ki ijazat se hi ALLAH ki taraf dawat dete hain.

Natijah yeh nikla ke sab se bade daaiee RasoolULLAH (saww) hain, aur un ke ba'd un ki 'Itrat mein se Aimmah (as) bhi ALLAH ki taraf dawat dene wale hain. Deen ke tamaam daaiee jo mukhtalif naslon aur adwaar mein aaye hain, un ke liye laazim hai ke woh us daaiee se ijazat haasil karein jo ALLAH Ta'ala ki taraf se ma'zoon ho aur ALLAH ki taraf dawat deta ho.

Hum Imam Muhammad bin Ali Al-Baqir (as) ke Sa'd bin Abdullah Ash'ari Qummi (ra) ke naam likhe hue ek maktoob mein, jo Al-Kafi (Jild 8, Safhah 56) mein maujood hai, par'hte hain ke Aap Aimmah (as) ko ALLAH Ta'ala ki taraf dawat dene wale qarar dete hain:

إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ جَعَلَ فِي كُلِّ مَنَ الرُّسُلِ بَقَايَا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، يَدْعُونَ مَنْ ضَلَّ إِلَى الْهُدَىٰ، وَيَصْبِرُونَ مَعَهُمْ عَلَى الْأَذَىٰ، يُحْيِيُونَ دَاعِيَ اللهِ، وَيَدْعُونَ إِلَى اللهِ. فَأَبْصِرْهُمْ رَحِمَكَ اللهُ فَإِنَّهُمْ فِي مَنْزِلَةٍ رَفِيعَةٍ، وَإِنْ أَصَابَتْهُمْ فِي الدُّنْيَا وَضِيعَةٌ، إِنَّهُمْ يُحْيُونَ بِكِتَابِ اللهِ الْمَوْتَىٰ، وَيُبْصِرُونَ بِنُورِ اللهِ مِنَ الْعَمَىٰ، كَمْ مِنْ قَتِيلٍ لِإِبْلِيسَ قَدْ أَحْيَوْهُ، وَكَمْ مِنْ تَائِهٍ ضَالٍّ قَدْ هَدَوْهُ، يُبْذِلُونَ دِمَاءَهُمْ دُونَ هَلَكَةِ الْعِبَادِ، وَمَا أَحْسَنَ أَثَرَهُمْ عَلَى الْعِبَادِ، وَأَقْبَحَ آثَارَ الْعِبَادِ عَلَيْهِمْ۔

Be-shak ALLAH 'Azza Wa Jal ne har Rasool ke ba'd Ahl-e-'Ilm mein se kuch baqiyaat baaqi rakhe hain. Woh gumraah logon ko hidayat ki taraf bulate hain aur un ki taraf se pohnchnay wali takleefon par sabr karte hain. Woh ALLAH ke daaiee ki pukaar par labbaik kehte hain aur ALLAH ki taraf dawat dete hain. Pas Aye bande! Unhein ghaur se dekho, ALLAH tum par rahmat nazil farmaye, kyun ke woh buland martabah rakhte

hain, agarche duniya mein unhein zaleel aur haqeer samjha jata hai. Woh ALLAH ki kitab ke zariye murdah dilon ko zindah karte hain aur ALLAH ke noor se andhon ko beena'i ata karte hain. Kitne hi log jo Iblees ke haathon halaak ho chuke the, unhein unhon ne zindah kiya, aur kitne hi gumraah aur bhatke hue afraad ko unhon ne hidayat di. Woh bandon ki halaakat ko rokne ke liye apna khoon baha dete hain. Bandon par un ke asaraat kitne khoobsurat hain, aur un par bandon ke asaraat kitne bure hain.

Imam (AS) farmate hain ke: "Woh ALLAH ke daiee ki pukar sunte hain." Yahan "da'i" se murad Rasool ALLAH (saww) hain. "Woh ALLAH ki taraf dawat dete hain", a'imma (AS) ke liye da'i ke mansab ki tarteeb ko zahir karta hai.

ALLAH ki taraf dawat dena ek Rabbani mansab hai, jo us par nass (yani wazeh hukum) se sabit hota hai, ya phir us shakhs ke zariye jis ke bare mai nass maujood ho. Jo shakhs is mansab ka dawa kare baghair us ke haq mai nass ya ijazat ke, woh jhoota hai, jaise ke nubuwwat ya imamat ka dawa karne wala. "ALLAH ki taraf dawat dene wala" se murad asal da'i hota hai, taake use un afraad se alag kiya ja sake jo us ki ijazat se dawat dete hain. Is liye ALLAH Ta'ala ka farman:

وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ[1]

Tum mai se ek giroh aisa hona chahiye jo bhalai ka hukum de aur burai se roke.

Is qaide ke mutabiq hona chahiye, aur yeh amr un logon ke liye hai jinhein ijazat di gayi ho, ya phir yeh hukum hai ke unhein un se ijazat leni chahiye.

Aur jahan tak ALLAH ki taraf dawat dene walon ke muqable mai jahannum ki taraf dawat dene walon ka zikr hai, ALLAH Ta'ala ne farmaya:

---

[1] آل عمران ۱۰۴

وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ[1]۔

Aur hum ne unhein rehnuma banaya jo logon ko jahannum ki taraf dawat dete hain.

Is ke ilawa, jo log ALLAH ke siwa kisi aur ki taraf dawat dete hain, ALLAH Ta'ala ne farmaya:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ[2]۔

Aur tum un logon ko bura mat kaho jo ALLAH ke siwa dusre ma'budon ki taraf dawat dete hain, ke woh ALLAH ko bura bhala kahenge.

Aakhir mai, jo ALLAH ki taraf dawat dene wala ALLAH ki ijazat ke baghair dawat de, ALLAH Ta'ala ne farmaya:

وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ[3]۔

Aur ALLAH ki taraf dawat dene wala us ki ijazat se.

Imam Mehdi (ajtf) ki Dawat Aalami Satah Par

Imam Mehdi (ajtf) ki Imamat aur Islam ki taraf dawat, Aap (as) ke waalid Imam Hasan Al-Askari (as) ki shahadat ke baad shuru hui. ALLAH Ta'ala ne Aap (as) ko bachpan hi mein Imamat ka mansab ata farmaya. Us daur mein Aap (as) parda-e-ghaibat mein rehte hue apne sufaraa (numaaindon) ke zariye apne shia ki rehnumai farmate rahe. Aap (as) is haalat mein taqreeban taintaalees(43) saal tak rahe, yahan tak ke Ghaibat-e-Taammah, ya'ni Ghaibat-e-Kubra waaqay hui.

Aap (as) hameshah, aur aaj bhi, apne Rabb ke hukum ke mutabiq 'amal kar rahe hain, Hazrat Khizar (as) aur apne khaas ashaab ke saath, yahan

---

[1] القصص ۴۱

[2] الأنعام ۱۰۸

[3] النساء ۹۵

tak ke ALLAH Ta'ala Aap (as) ko zuhoor ki ijazat ata farmaye. Phir Aap (as) duniya ko Islam ki dawat denge aur zameen par 'Adl-e-Ilahi ki hukoomat qaaim karainga.

ALLAH Ta'ala ki Taraf Dawat Dene Wale ka Maqaam

ALLAH Ta'ala ne farmaya:

اللهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ عَلَى نُورٍ يَهْدِي اللهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللهُ أَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ[1]۔

ALLAH aasmanon aur zameen ka Noor hai. Us ke Noor ki misaal ek mishkaat ki manind hai jis mai ek charagh hai, woh chiragh ek sheeshe mai hai, aur woh sheesha goya ek darakhshaan sitare ki tarah hai, jo ek mubarak zaitoon ke darakht se jalaya jata hai, na mashriqi hai na maghribi, us ka tail taqreeban aisa hai ke woh baghair aag lagae hi roshni de, Noor par Noor hai. ALLAH apne Noor ki hidayat jise chahe de, aur ALLAH logon ke liye misaalein bayan karta hai, aur ALLAH har cheez ka jaanne wala hai. Woh un gharon mai hai jinhein ALLAH ne buland karne ki ijazat di hai aur jin mai us ka naam zikr kiya jata hai.

Yeh Noor hamesha Anbiya aur A'imma (as) ke gharon mai maujood hota hai, jaise ke Rasool ALLAH (saww) ne farmaya. Anas bin Malik aur Buraidah riwayat karte hain:

فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللهُ أَنْ تُرْفَعَ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: أَيُّ بُيُوتٍ هَذِهِ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: بُيُوتُ الْأَنْبِيَاءِ. فَقَامَ إِلَيْهِ أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ هَذَا الْبَيْتُ مِنْهَا لِبَيْتِ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ مِنْ أَفَاضِلِهَا[2]۔

---

[1] النور:۳۵-۳۶

[2] الدر المنثور:۵/۵۰

Rasool ALLAH (saww) ne yeh ayat par'hi:

فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللهُ أَنْ تُرْفَعَ

To ek shakhs khara hua aur kaha: Ya Rasool ALLAH (saww), yeh kaun se ghar hain? Aap (saww) ne farmaya: "Yeh Anbiya (as) ke ghar hain." Phir Hazrat Abu Bakr khar'e ho kar sawal kiya: Ya Rasool ALLAH (saww)! Kya yeh ghar Ali aur Fatima (as) ka ghar bhi hai? To Aap (saww) ne farmaya: "Haan, yeh un gharon mai se ek hai jo sab se afzal hai."

Yeh usi baat ka izhar hai jo Rasool ALLAH (saww) ne Saqalain ke bare mai farmaya:

وَقَدْ نَبَّأَنِي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ أَنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

Lateef o Khabeer (ALLAH) ne mujhe khabar di ke yeh dono (yani Qur'an o Ahl-ul-Bait (as)) juda nahin honge yahan tak ke Hauz-e-Kausar par mujh se mulaqat karenge.

Neez Imam Sadiq (as) ka qoul bhi isi par dalalat karta hai:

لَوْ بَقِيَتِ الْأَرْضُ بِغَيْرِ إِمَامٍ لَسَاخَتْ[1].

Agar zameen par Imam (as) na ho to woh gharq ho jaye.

Yeh ek aur ta'beer hai us nazariya "Faiz-e-ilahi" ki jo kehta hai ke ALLAH Ta'ala ka inaam aur ata insanon tak zameen par us ke Noor ke markaz, yani Imam (as) ke zariye pohanchta hai.

Is tamam tar maqam o martaba ko dekhte hue, hum yeh samajh sakte hain ke ALLAH Ta'ala ke da'i (as) ka maqam kitna azeem hai. Jab aap kisi ko apne paigham ke liye bhejte hain, to aap us shakhs ko muntakhib karte hain jo aap ki behtareen sifaat ki numaindagi kare; taake woh logon ko aap se muhabbat dilaye aur aap ka paigham moassir tareeqe se

---

[1] الکافی:۱/۱۷۹

pohanchaye. To ALLAH Ta'ala jo ke aasmanon aur zameen ka Malik hai, apne da'i (as) ko kis qadar azeem sifaat se nawazega, jo us ke paigham ko zameen par phelane aur logon tak pohanchane ke liye muntakhib hota hai?!

Yaqeenan ALLAH Ta'ala ka numainda (deeni rehnuma) woh shakhsiyat honi chahiye jo ALLAH aur us ke bandon ko sab se zyada mehboob ho, jo ALLAH ki taraf se ilm o fahm hasil karne ki sab se zyada salahiyat rakhti ho, logon ko samajhne aur unhein samjhane ki qudrat rakhti ho, aur insani muashray ki sakht aur us ke qawaneen ko bakhoobi jaanti ho.

Jab ALLAH Ta'ala kisi ko apni zameen par apna Khalifa aur apne bandon ke darmiyan Hakim muqarrar karta hai, to woh laziman use us ke mission ki kamyabi ke tamam zaroori asbab ata karta hai. In asbab mai sab se pehla aur eham zariya, ALLAH Ta'ala aur us ki makhlooqat ka ilm, fitrat ka ilm, aur woh tamam uloom hote hain jin ki insaniyat ko zaroorat hai.

Balkeh riwayat mai aaya hai ke ALLAH Ta'ala momineen ko un ke zamane mai woh uloom ilhaam farmata hai jin ki unhein zaroorat ho.

Hazrat Ali (as) ne Imam Mehdi (ajtf) ke bare mai farmaya:

وَيَقْذِفُ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ الْعِلْمَ، فَلَا يَحْتَاجُ مُؤْمِنٌ إِلَىٰ مَا عِندَ أَخِيهِ مِنَ الْعِلْمِ، فَيَوْمَئِذٍ تَأْوِيلُ هٰذِهِ الْآيَةِ: يُغْنِ اللهُ كُلًّا مِّن سَعَتِهِ، وَكَانَ اللهُ وَاسِعًا حَكِيمًا[1]۔

ALLAH momineen ke dilon mai ilm daal dega, yahan tak ke koi momin apne bhai ke ilm ka mohtaj nahin rahega. Yehi is ayat ki tafseer hai: "ALLAH har ek ko apne fazl se be-niyaz kar dega, aur ALLAH bari wus'at wala, hikmat wala hai."

Imam Sadiq (as) ne farmaya:

---

[1] مختصر البصائر، صفحہ ۲۱۰

يَسْتَغْنِي النَّاسُ عَنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ وَنُورِ الْقَمَرِ، وَيَجْتَزِؤُنَ بِنُورِ الْإِمَامِ عليه السلام۔

Log sooraj ki roshni aur chaand ki Nooraniyat ke mohtaj nahin rahenge, balkeh woh Imam (AS) ke Noor se kifayat karenge.

Is qoul ka matlab yeh bhi hai ke woh sooraj ki roshni ke bajaye, Imam (AS) ke faraham kardah Noor se istifada karenge.

(3) "As-Salaamu 'Alaika Yaa DaaeiyALLAH wa Rabbaaniyya Ayaatihi"

ALLAH ke wali aur da'ie ko "Rabbaniyyu Ayatihi" kaha gaya hai, yani woh ALLAH ki ayaat ka haamil o muhafiz hota hai. Is ke maani yeh hain ke us ke paas ALLAH Ta'ala ki nishaniyan aur mojizaat maujood hote hain. Jab woh un ki zaroorat mehsoos kare ya ALLAH ka hukum ho, to ALLAH Ta'ala apne wali ki dua qubool karte hue un ayaat ko zahir farma deta hai. Yeh bhi muraad hai ke woh Ayaat-e-ilahi ka Rabbani maahir o mufassir hota hai, jo un ki logon ko tafheem deta hai, aur jab mauqa ho to apne Rab se unhein talab bhi karta hai.

Ar-Rabbaniyyoon war-Ribbiyyoon wal-'Aalimur Rabbani

Qur'an-e-Kareem mai Al-Rabbaniyyin ka zikr un ulama ke wasf mai aaya hai jo Anbiya (as) ke baad Shari'at ke ameen hote hain. Yeh Rabbani ulama do(2) qism ke hote hain:

Woh jo haqq ke mutabiq hukum karte hain, neki ka hukum dete hain, aur buraiee se rokte hain.

Woh jo kotahiee karte hain aur gunahon se nahin rokte.

Jaisa ke ALLAH Ta'ala ka farman hai:

---

[1] تفسیر قمی، جلد ۲، صفحہ ۲۵۳

إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ شُهَدَاءَ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ[1]۔

Hum ne Taurat nazil ki, jis mai hidayat aur noor tha. Us ke mutabiq Anbiya (as), Rabbani ulama aur Ahbar Yahood ke muamlaat ka faisla karte the, kyun ke un ko ALLAH ki kitab par muhafiz banaya gaya tha aur woh us par gawah bhi the. Pas logon se na dar'o, mujh se daro, aur meri ayaat ko thori qeemat par farokht na karo, aur jo ALLAH ke nazil kardah hukum ke mutabiq faisla na kare, wohi kafir hain.

Isi tarah ek aur maqam par irshad farmaya:

لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ[2]۔

Kash ke Rabbani ulama aur Ahbar unhein gunah ki baat kehne aur na-jaiz maal khane se rokte! Yaqeenan woh bohat bura kaam kar rahe the.

Hazrat Ali (as) ne is baat ki nishandahi farmaiee ke guzishta aqwaam ki halakat ka sabab yehi tha ke jab unhon ne gunahon ka irtikab kiya to un ke Rabbani ulama aur Ahbar ne unhein mana nahin kiya. Jab woh musalsal gunahon mai mubtala rahe aur ulama ne khamoshi ikhtiyar kiye rakhi, to un par ALLAH ki taraf se azaab nazil hua. Amir-ul-Momineen (as) ne farmaya:

إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَيْثُمَا عَمِلُوا مِنَ الْمَعَاصِي وَلَمْ يَنْهَهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ ذٰلِكَ، وَإِنَّهُمْ لَمَّا تَمَادَوْا فِي الْمَعَاصِي، وَلَمْ يَنْهَهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ ذٰلِكَ، نَزَلَتْ بِهِمُ الْعُقُوبَاتُ[3]۔

---

[1] سورۃ المائدہ، آیت ۴۴

[2] سورۃ المائدہ، آیت ۶۳

[3] الکافی، ج۵، ص۵۷

Tum se pehle jo log halak hue, us ka sabab yeh tha ke woh gunah karte rahe aur Rabbani ulama o Ahbar ne unhein us se nahin roka. Jab woh gunahon mai aage barhte gaye aur ulama khamosh rahe, to un par azaab nazil hua.

Is riwayat ka mafhoom yeh hai ke Rabbani ulama ALLAH ki taraf se deen ke muhafiz aur ameen muqarrar kiye gaye the, magar un mai se baaz ne apni zimmedari ko nibhaya aur baaz ne kotahi ki, jis par woh malamat aur saza ke mustahiq qarar paye.

Isi liye ALLAH Ta'ala ne Qur'an mai Al-Ribbiyyoon ki istilah ko un momineen ke liye makhsoos farmaya jo Anbiya (as) ke sath maidan-e-jang mai lar'ay. Yeh Al-Rabbaniyyin se zyada khaas aur fazilat wala wasf hai, kyun ke yeh sirf un logon ke liye istemal hota hai jo tareef ke laiq hon.

Jaisa ke Qur'an-e-Majeed mai farmaya:

وَكَأَيِّنْ مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ[1]۔

Aur kitne hi Nabi aise guzre jin ke sath bohat se Ribbiy (ALLAH ke jaanbaaz aur Rabbani) logon ne jang ki, pas woh ALLAH ke raste mai pohanchne wali takleefon ke baais na kamzor hue, na buzdili dikhai aur na jhuke, aur ALLAH sabr karne walon se muhabbat karta hai.

Pas Al-Ribbiyyoon darasal Al-Rabbaniyyin ki muntakhib aur mumtaz jamaat hai, jo ALLAH ke liye apne ilm, ikhlas aur qurbani mai aala maqam rakhte hain. Riwayaat mai "Aalimun Rabbaniyyun" ka wasf Masoom (as) ke liye istemal hua hai, jo ke mahz Rabbani ya Mujahid Rabbi se bhi afzal hota hai. Jaisa ke Amir-ul-Momineen (as) ne farmaya:

[1] سورۃ آل عمران، آیت ۱۴۶

النَّاسُ ثَلَاثَةٌ: فَعَالِمٌ رَبَّانِيٌّ، وَمُتَعَلِّمٌ عَلَىٰ سَبِيلِ نَجَاةٍ، وَهَمَجٌ رَعَاعٌ، أَتْبَاعُ كُلِّ نَاعِقٍ، يَمِيلُونَ مَعَ كُلِّ رِيحٍ، لَمْ يَسْتَضِيئُوا بِنُورِ الْعِلْمِ، وَلَمْ يَلْجَؤُوا إِلَىٰ رُكْنٍ وَثِيقٍ[1]۔

Insan teen(3) aqsaam ke hote hain: Ek Rabbani Aalim, doosra aisa muta'allim jo nijaat ke raste par hai, aur teesra giroh be-shuoor hujoom ka hota hai, jo har aawaz ke peeche chal parta hai, aur har hawa ke rukh ke sath jhuk jata hai. Na unhon ne ilm ke noor se roshni hasil ki, aur na hi kisi mazboot sahare ka sahara liya.

"Aalimun Rabbaniyyun" woh hai jise ilm barah-e-raast Rab Ta'ala ki taraf se hasil ho. Baaz ne is ki tafseer fuqaha ya rawiyon ke sath ki hai, lekin durust yahi hai ke fuqaha aur momineen to khud "nijaat ke raste par muta'allim" hote hain, na ke Rabbani Aalim.

Isi haqeeqat ko Imam Musa Kazim (as) ne Hisham bin Hakam se farmaya:

وَلَا عِلْمَ إِلَّا مِنْ عَالِمٍ رَبَّانِيٍّ، وَمَعْرِفَةُ الْعِلْمِ بِالْعَقْلِ[2]۔

Ilm sirf Rabbani Aalim se hasil hota hai, aur ilm ki pehchan aql ke zariye hoti hai.

Isi tarah Imam Ja'far Sadiq (as) ne farmaya:

فَلْيُشَرِّقِ الْحَكَمُ وَلْيُغَرِّبْ، أَمَا وَاللهِ لَا يُصِيبُ الْعِلْمَ إِلَّا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ نَزَلَ عَلَيْهِمْ جِبْرَئِيلُ[3]۔

Chahe hukum mashriq chala jaye ya maghrib, Khuda ki qasam! Ilm sirf unhi Ahl-e-Bait (as) se hasil hoga jin par Jibraeel (AS) nazil hua.

Imam Mehdi (ajtf) isi aakhri ma'ni mai Rabbani hain, kyun ke un ka ilm Rab Ta'ala ki taraf se ata kardah hai, aur woh ilm hamesha tajdeed pane wala aur musalsal jari rehne wala hai. Chunanche woh ALLAH ki taraf se

---

[1] نہج البلاغہ، خطبہ ۴، حکمت ۳۶

[2] الکافی، ج ۱، ص ۱۷

[3] الکافی، ج ۱، ص ۴۰۰

hidayat yafta hain, lihaza un ki ma'rifat har us shay tak pohanchti hai jis ki unhein ya insaniyat ko zaroorat ho. Pas woh Rabbani hain:

- Apne ilm mai.
- Apne sulook mai.
- Aur Ayaat-e-I=ilahi ke Rabbani hone ke lihaz se bhi.
  Yani woh un Ayaat ke Malik, rasta dikhane wale, lane wale, aur maahir o khabeer hain.

Aayaat-e-Ilahi ka Mafhoom

Ayaat-e-ilahi ka matlab sirf Qur'ani ayaat nahin balkeh ALLAH Ta'ala ki taraf se nazil ki jane wali nishaniyon, alamaton, dalail, aur mojizaat par bhi hota hai.

Mashhoor lughwi aalim Raghib Isfahani ne apni lughat Al-Mufradat mai kaha:

الآيَةُ: هِيَ العَلَامَةُ الظَّاهِرَةُ، وَحَقِيقَتُهَا لِكُلِّ شَيْءٍ ظَاهِرٍ، وَهُوَ مُلَازِمٌ لِشَيْءٍ لَا يَظْهَرُ ظُهُورَهُ۔

Ayat ka matlab hai: Zahir aur numayan alamat, aur is ki asal haqeeqat yeh hai ke woh har woh cheez hai jo khud zahir ho magar kisi aur ghair zahiri haqeeqat ki taraf ishara kare.

Sahih tar mafhoom ke mutabiq ayat ek aisi alamat hoti hai jo kisi haqeeqat par "qaabil-e-qana'at andaaz" mai dalalat kare.

Maahir lughwi Khalil bin Ahmad (rh) ke nazdeek ayat ki asal "أَأْيَة" hai, jis mai alif ko ya mai badla gaya phir lafz "آيَة" bana, jaise "رَايَة" aur "غَايَة".

Sibaway ke mutabiq is ki asal lafz "أَوِيَّة" tha. Is ki jama: آيٌ، آياتٌ، آياتٌ، آيَاءٌ۔

Yeh tanawwu khud ayat ke mafhoom ki wus'at ko zahir karta hai.

Riwayaat mai "Ayat" ka istemal mojizay ya alamat ke taur par bhi hua hai, jaisa ke Hadees-e-Mi'raj mai aata hai:

وَ آيَةُ ذٰلِكَ أَنِّي مَرَرْتُ بِعِيرٍ لِأَبِي سُفْيَانَ عَلَىٰ مَاءٍ لِبَنِي فُلَانٍ وَقَدْ أَضَلُّوا جَمَلًا[1]۔

Aur us ki nishani yeh hai ke mai Abu Sufyan ke qafle ke paas se guzra jo falaan qabeele ke chashme par tha, aur un ka ek oont gum ho chuka tha.

Isi tarah Khawarij ki ek nishani ke taur par farmaya:

آيَةُ ذٰلِكَ أَنَّ فِيهِمْ رَجُلًا أَسْوَدَ مُخَدَّجًا[2]۔

Un ki nishani yeh hai ke un ke darmiyan ek siyah faam shakhs hoga jis ke jism par makhsoos nishan honge.

Qur'an-e-Kareem mai "Ayat" aur us ki jama ke istemalat: آيَة (mufrad) 84 baar, آيات ١٤٨ baar, آياتُنا ٩٢ baar, آياتُه ٣٧ baar. Aur bhi kai seeghon mai istemal hua hai. Yeh kasrat is baat ki taraf ishara hai ke Qur'an mai "Ayaat" ka mafhoom bohat wasee aur muta'addid masadiq ka haamil hai.

Ayaat-e-ilahi ki aqsaam aur un ki tilawat, Qur'an ne jahan ayaat ki aqsaam bayan ki hain, wahin yeh bhi bataya hai ke yeh ayaat logon par kis tarah tilawat ki jati hain.

Allah ki ayaat ki aqsam aur un ki tilawat karnay walao ki aqsam

ALLAH Ta'ala in ayaat ko apne Rasoolon par tilawat farmata hai, jaisa ke farmaya:

تِلْكَ آيَاتُ اللهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ[3]۔

---

[1] الکافی، ج۸، ص۳۶۴

[2] مسند أحمد، ج۱، ص۸۸

[3] سورۃ البقرہ، آیت ۲۵۲

Yeh ALLAH ki ayaat hain, hum unhein Aap(saw) par haq ke sath par'hte hain.

Al-Rusul aur deegar afraad ki taraf se Ayaat-e-ilahi ki tilawat: Qur'an-e-Majeed mai wazeh taur par bayan hua hai ke ALLAH ke Rasool (saww) aur un ke ilawa doosre momineen bhi Ayaat-e-ilahi ki tilawat karte hain. Yeh ayaat logon par hujjat hoti hain aur un ki mukhtalif aqsaam hain.

وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوعَلَيْهِمْ آيَاتِكَ[1]۔

Aur un mai ek Rasool bhej, jo unhi mai se ho, jo un par teri ayaat ki tilawat kare.

يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا[2]۔

Woh un logon par hamla aawar hone ko hain jo un par hamari ayaat ki tilawat karte hain.

بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ[3]۔

Balkeh yeh (Qur'an) to khuli khuli ayaat hain, jo un logon ke seenon mai mehfooz hain jinhein ilm ata kiya gaya hai.

Aayaat-e-Ilahi ki Aqsam

Qur'an-e-Majeed mai ayaat ki mukhtalif aqsaam ka zikr kiya gaya hai:

مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ[4]۔

Kuch ayaat muhkamaat (wazeh aur qat'i) hain, jo kitab ki asal bunyaad hain, aur kuch mutashabihaat (bahami mushabah).

---

[1] سورۃ البقرۃ، آیت ۱۲۹

[2] سورۃ الحج، آیت ۷۲

[3] سورۃ العنکبوت، آیت ۴۹

[4] سورۃ آل عمران، آیت ۷

كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ[1]۔

Yeh ek kitab hai jis ki ayaat ko pehle mazbooti se murattab kiya gaya, phir tafseel se bayan kiya gaya.

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً[2]۔

Phir jab hamari roshan karne wali ayaat un ke paas aaein...

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ[3]۔

Is mai khuli nishaniyan hain, jaise Maqam-e-Ibrahim.

لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى[4]۔

Yaqeenan us ne apne Rab ki bar'i bar'i nishaniyan dekhin.

Aur in ayaat mai se baaz ayaat logon ki mukhtalif aqsaam ke liye makhsoos hain:

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ[5]۔

Beshak aasmanon aur zameen ki takhleeq, aur din o raat ke badalne mai Ahl-e-aql ke liye nishaniyan hain.

لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ[6]۔

Yaqeenan is mai baseerat rakhne walon ke liye nishaniyan hain.

---

[1] سورۃ ہود، آیت ۱

[2] سورۃ النمل، آیت ۱۳

[3] سورۃ آل عمران، آیت ۹۷

[4] سورۃ النجم، آیت ۱۸

[5] سورۃ آل عمران، آیت ۱۹۰

[6] سورۃ الحجر، آیت ۷۵

لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ[1]۔

Yaqeenan is mai aql rakhne wali qaum ke liye nishaniyan hain.

لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ[2]۔

Yaqeenan is mai har sabr karne wale shukar guzar ke liye nishaniyan hain.

لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ[3]۔

Yaqeenan is mai un logon ke liye nishaniyan hain jo iman late hain.

وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِلْعَالَمِينَ[4]۔

Aur hum ne us aurat (Maryam) aur us ke bete ko duniya walon ke liye nishani bana diya.

Yeh tamam ayaat mukhtalif tabaqaat aur awsaaf ke haamil insanon ke liye nishaniyan hain.

وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْعَالِمِينَ[5]۔

Aur tumhari zabanon aur rangon ka ikhtilaf, yaqeenan is mai ilm walon ke liye nishaniyan hain.

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ[6]۔

---

[1] سورۃ الروم، آیت ۲۴

[2] سورۃ لقمان، آیت ۳۱

[3] سورۃ یونس، آیت ۵۷

[4] سورۃ الأنبیاء، آیت ۹۱

[5] سورۃ الروم، آیت ۲۲

[6] سورۃ فصلت، آیت ۵۳

Hum unhein apni nishaniyan afaaq mai bhi dikhayenge aur un ke apne nafs mai bhi.

Hazrat Musa (as) ko nau wazeh nishaniyan di gayin:

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى تِسْعَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ[1]۔

Yaqeenan hum ne Musa (as) ko nau(9) roshan nishaniyan ata ki.

Riwayat ke mutabiq woh nishaniyan yeh hain:

الطُّوفَانُ، وَالْجَرَادُ، وَالْقُمَّلُ، وَالضَّفَادِعُ، وَالدَّمُ، وَالْحَجَرُ، وَالْبَحْرُ، وَالْعَصَا، وَيَدُهُ[2]۔

Yani: Toofan, tiddiyan, juwain, maindak, khoon, patthar, samandar, asa, aur un ka roshan haath.

Imam Mehdi (ajtf) ke Rabbani Ayaat-e-ilahi hone ka matlab yeh hai ke wohi woh hasti hain jo in ayaat ko logon par tilawat karte hain, unhein in ayaat ki taleem dete hain, un ki tafseer farmate hain, aur wohi un ayaat ke nigehban o zimmedar (Qayyim) bhi hain.

(4) السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَابَ اللهِ وَدَيَّانَ دِينِهِ۔ Salam ho Aap (as) par, aye ALLAH ka darwaza aur us ke deen ka nigehban o qaim karne wale.

Yeh jumla is haqeeqat ki taraf ishara karta hai ke ALLAH tak rasai aur us ke deen ko samajhne ka darwaza Masoom Imam (as) hain, aur unhi ke zariye ALLAH ki sahih pehchan aur ibadat mumkin hai. Doosri taraf Islam-e-Sultah (yani hukoomati asar se tashkeel shudah mazhabi ta'beer) yeh kehta hai: Tum ALLAH Ta'ala ko kisi bhi raste se pehchan sakte ho, aur kisi bhi dar se us ki ibadat o qurbat hasil kar sakte ho.

---

[1] سورۃ الإسراء، آیت ۱۰۱

[2] الخصال، ص ۴۲۴

Lekin Maktab-e-Ahl-e-Bait (AS) wazeh aur do took paigham deta hai:

ALLAH Ta'ala ki ma'rifat sirf ek hi raste se mumkin hai, wohi rasta sahih aur Rabbani hai, us ke ilawa tamam raste gumrahi aur inhiraf ka sabab hain. Jin logon ne Ahl-e-Bait (as) ke raste ke ilawa ma'rifat-e-Khuda ki koshish ki, woh tashbeeh (ALLAH ko makhlooq se tashbeeh dene) aur tajseem (ALLAH ke liye jismaniyat maanne) jaisi gumrahiyon mai mubtala hue, nateejatan unhon ne ALLAH ko pehchana hi nahin aur ek khayali ma'bood ki ibadat karte rahe.

Atba-e-Sultah (yani hukoomat ke tabi ulama aur awaam) yeh dawa karte hain: Tum ALLAH ki ibadat aur us ka qurb kisi bhi raah se hasil kar sakte ho, kyun ke "ALLAH ki taraf raste makhlooq ki saanson ki tadaad ke barabar hain."

Jabke Maktab-e-Ahl-e-Bait (as) is ka rad karte hue farmata hai: Sahih rasta sirf ek hai aur bas!

Agar tum ALLAH ko pehchanna chahte ho to usi darwaze se dakhil ho jo ALLAH ne muqarrar farmaya hai. Aur agar us ki ibadat chahte ho to usi raste se chalo jo us ne khud muta'ayyan farmaya hai.

Agar tum kisi aur darwaze ya raste se dakhil hone ki koshish karoge, to tum wahm mai mubtala ho jaoge aur hargiz ALLAH tak nahin pohanch paoge. Kyun ke ma'rifat aur ibadat sirf usi tareeqe se mo'tabar hai jis ka hukm khud ALLAH Ta'ala ne diya hai. Imam Muhammad Baqir (AS) ne farmaya:

فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ بَابُ اللهِ الَّذِي لَا يُؤْتَى إِلَّا مِنْهُ، وَسَبِيلُهُ الَّذِي مَنْ سَلَكَهُ وَصَلَ إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ، وَكَذَلِكَ كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ بَعْدِهِ، وَجَرَى لِلْأَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ، جَعَلَهُمُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ أَرْكَانَ الْأَرْضِ أَنْ تَمِيدَ بِأَهْلِهَا، وَعَمَدَ الْإِسْلَامِ، وَرَايَطَةً عَلَى سَبِيلِ هُدَاهُ، لَا يَهْتَدِي هَادٍ إِلَّا بِهُدَاهُمْ، وَلَا يَضِلُّ خَارِجٌ مِنَ الْهُدَى إِلَّا بِتَقْصِيرٍ عَنْ حَقِّهِمْ. أُمَنَاءُ اللهِ

عَلَىٰ مَا أَهْبَطَ مِنْ عِلْمٍ أَوْ عُذْرٍ أَوْ نُذُرٍ، وَالْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ عَلَىٰ مَنْ فِي الْأَرْضِ، يَجْرِي لِآخِرِهِمْ مِنَ اللهِ مِثْلُ الَّذِي جَرَىٰ لِأَوَّلِهِمْ، وَلَا يَصِلُ أَحَدٌ إِلَىٰ ذٰلِكَ إِلَّا بِعَوْنِ اللهِ[1]۔

Yaqeenan Rasool ALLAH (Saww), ALLAH ka woh darwaza hain jis ke ilawa kisi aur raste se ALLAH tak rasai mumkin nahin, aur wohi ALLAH ki raah hain ke jo us par chale woh ALLAH tak pohanch gaya. Isi tarah un ke baad Amir-ul-Momineen (as) aur phir har Imam (as), ek ke baad doosra, yahi darwaza aur rasta bane. ALLAH Ta'ala ne un (A'imma (as)) ko zameen ka sutoon banaya taake woh apni jagah qaim rahe aur insanon par na dhay jaye, aur Islam ka sutoon banaya, aur hidayat ke raste ki rassi banaya jis se jude baghair koi hidayat nahin pa sakta. Na koi hidayat pata hai magar un ki hidayat se, aur jo un se door ho jata hai, woh sirf isi liye gumrah hota hai ke un ke haq mai kotahi karta hai. Yeh sab ALLAH ke ameen hain us ilm, uzr, ya inzar par jo us ne zameen par nazil kiya. Yahi log zameen par ALLAH ki atam (mukammal) hujjat hain. Un ke aakhir mai aane wale Imam (as) ke liye bhi wohi nizaam aur barkat jari hai jo pehle Imamon (as) ke liye thi. Aur koi bhi is maqam tak nahin pohanch sakta, magar ALLAH ki madad se.

Imam Mehdi ((ajtf)) ke "BaabuLLAH" Hone ka Mafhoom

Yeh laqab jo Nabi Akram (saww) aur Ahl-e-Bait (as) ke liye istemal hua hai, us ke paanch aham pehlu hain:

1. Bab-e-Ma'rifat-e-Khuda

Yeh is liye ke un mai se har ek, ALLAH Ta'ala ki ma'rifat aur us ke ilm tak pohanchne ka darwaza hai. Lihaza ALLAH Ta'ala ki ma'rifat sirf Nabi Akram (saww), Hazrat Ali (as), aur un ki Nasl-e-Tahirah (as) ke zariye hi mumkin hai, khaas taur par Tauheed aur Qur'an ke fahm mai.

---

[1] الکافی:۱/۱۹۸

Imam Mehdi (ajtf) is silsile ke numainda, tasalsul, aur us ke shareh hain, aur woh ALLAH Wahid o Ahad ki taraf dawat dene wale hain, jaisa ke unhon ne Qur'an mai khud ko isi sifat se muta'arif karaya hai.

Lihaza jab hum kehte hain:

السلام علیک یاباب اللہ

To is ka matlab hota hai: "Salam ho Aap (as) par, aye ALLAH ki ma'rifat ka darwaza; us ki zaat aur sifaat ki aisi durust aur pakeezah ma'rifat ka jo batil, khata, jahalat, tahreef, kaji aur khwahishaat se paak ho."

2. Bab-e-Shari'at wa Ta'leem-e-Deen

"Bab-ULLAH" kehne ka ek aur matlab yeh hai ke Imam Mehdi (ajtf) deeni ta'leem aur ahkaam-e-shari'at ko hasil karne ka wahid jaiz zariya hain. Jo shakhs aqeeda ke baad deen, halal o haram, aur ahkaam ko jan'na chahe, us par wajib hai ke woh yeh sab Imam Mehdi (ajtf) aur un ke aba o ajdaad (as) se hasil kare, na ke un ke mukhalifeen se.

Agarche Imam Mehdi (ajtf) is waqt ghaibat mai hain, magar un se deeni ta'leem lena is waqt un ke sabiqa A'imma (as) ke zariye hota hai. Aur jab woh zahoor farmayenge, tab barah-e-raast aur mukammal taur par unhi se ilm liya jayega.

3. Bab-e-Faiz wa Ata-e-Ilahi

Imam Mehdi (ajtf) ALLAH Ta'ala ke ata-e-khaas ka zariya hain, kyun ke woh Noor-e-ilahi hain jo zameen par jari o sari hai. Jaise ke Qur'an-e-Majeed mai irshad hota hai:

مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَوٰةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ[1]۔

---

[1] النور:۳۵

ALLAH ke noor ki misaal ek taaq jaisi hai jis mai charagh ho; woh charagh ek sheeshe mai hai, aur woh sheesha goya ek chamakta hua sitara hai, jo jalaya jata hai ek babarkat zaitoon ke darakht se, jo na mashriqi hai na maghribi.

4. Bab-e-Wilayat wa Imam ki Ma'rifat

"Bab-ULLAH" is ma'ni mai bhi hai ke Imam (as) ki wilayat ka iqrar aur intisab wajib hai, kyun ke Qiyamat ke din har shakhs ko us ke Imam ke sath pukara jayega:

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ[1]۔

Jis din hum har giroh ko un ke Imam ke sath bulayenge.

Lihaza Imam Mehdi (ajtf) ki Imamat ka aqeedah rakhna aur un se nisbat qaim karna nijaat ke liye zaroori hai.

5. Bab-e-Tawassul wa Tawajjuh

Imam Mehdi (ajtf) tawajjuh ila ALLAH ka darwaza bhi hain, yani un ke zariye ALLAH ki taraf tawajjuh karna aur un ke waseele se dua karna, shar'i wa deeni taur par jaiz hai.

Yahi mafhoom is riwayat mai bayan hua:

إِذَا أَرَدْتُمُ التَّوَجُّهَ بِنَا إِلَى اللهِ، وَإِلَيْنَا، فَقُولُوا كَمَا قَالَ اللهُ تَعَالَى: سَلَامٌ عَلَى آلِ يَاسِينَ، ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ

Jab tum hum Ahl-e-Bait (as) ke waseele se ALLAH ki taraf mutawajjuh hona chaho, aur hamari taraf bhi ruju karna chaho, to aise kaho jaise ALLAH Ta'ala ne farmaya hai: Salam ho Aal-e-Yaseen par, yahi hai khula hua fazl hai.

---

[1] الإسراء:۷۱

Isi tarah Imam Muhammad Baqir (as) ne sikhaya:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ. يَا مُحَمَّدُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلَى اللهِ رَبِّكَ وَرَبِّي لِيُنْجِحَ لِي طَلِبَتِي. اللَّهُمَّ بِنَبِيِّكَ أَنْجِحْ لِي طَلِبَتِي، بِمُحَمَّدٍ. ثُمَّ سَلْ حَاجَتَكَ[1]۔

Aye ALLAH! Mai teri taraf tere Nabi, Muhammad (saww) Nabi-e-Rehmat ke waseele se mutawajjuh hota hun. Aye Muhammad (saww)! Aye ALLAH ke Rasool (saww)! Mai aap (saww) ke zariye ALLAH ki taraf mutawajjuh hota hun taake meri haajat poori ho. Aye ALLAH! Apne Nabi (saww) ke waaste se meri haajat poori farma, Muhammad (saww) ke waaste se. Phir apni haajat bayan karo.

Isi tarah ek aur dua mai hai:

اللَّهُمَّ إِنِّي لَوْ وَجَدْتُ شُفَعَاءَ أَقْرَبَ إِلَيْكَ مِنْ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ الْأَخْيَارِ الْأَئِمَّةِ الْأَبْرَارِ لَجَعَلْتُهُمْ شُفَعَائِي، فَبِحَقِّهِمُ الَّذِي أَوْجَبْتَ لَهُمْ عَلَيْكَ أَسْأَلُكَ أَنْ تُدْخِلَنِي فِي جُمْلَةِ الْعَارِفِينَ بِهِمْ[2]۔

Aye ALLAH! Agar mai tere nazdeek Muhammad (saww) aur un ke Ahl-e-Bait (as) se zyada qareeb koi sifarishi pata, to mai unhein apna sifarishi banata. Pas un ke us haq ke waaste jo tu ne un par khud lazim kiya hai, mai tujh se sawal karta hun ke tu mujhe un logon mai shamil farma jo un ki ma'rifat rakhte hain.

Ahl-e-Bait (as) par Takabbur karna, ALLAH Ta'ala par Takabbur karne ke Mutaraadif hai

Rasool ALLAH (saww) ne apne baad apni Itrat (Ahl-e-Bait (as)) ko deen hasil karne ka maakhaz aur ummat ke liye namoona qarar diya, aur un ka Qur'an ke sath jor kar farmaya:

---

[1] الکافی:۴۷۸/۳

[2] التہذیب:۱۰۱/۶

إِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللهِ وَعِتْرَتِي وَأَهْلَ بَيْتِي۔

Mai tum mai do(2) bhaari cheezein chhore ja raha hun: ALLAH ki kitab aur meri Itrat, yani mere Ahl-e-Bait (as).

Magar Quraysh ne bajaye is ke ke woh kahen: "Hum ne suna aur ita'at ki", yeh keh diya: "Hum ALLAH ki ibadat karte hain, Rasool (saww) par iman rakhte hain, aur deen sahaba se lenge, Ahl-e-Bait (as) se nahin!" Halan ke ALLAH Ta'ala apni ibadat sirf us raah se qubool karta hai jo woh khud muqarrar kare, na ke jo insan apni taraf se bana le.

Isi baat ko Imam Ja'far Sadiq (as) ne wazeh taur par bayan farmaya:

اَلِاسْتِكْبَارُ هُوَ أَوَّلُ مَعْصِيَةٍ عُصِيَ اللهُ بِهَا. قَالَ: فَقَالَ إِبْلِيسُ: يَا رَبِّ، أَعْفِنِي مِنَ السُّجُودِ لِآدَمَ، وَأَنَا أَعْبُدُكَ عِبَادَةً لَمْ يَعْبُدْكَهَا مَلَكٌ مُقَرَّبٌ، وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ! قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: لَا حَاجَةَ لِي فِي عِبَادَتِكَ، إِنَّمَا أُرِيدُ أَنْ أُعْبَدَ مِنْ حَيْثُ أُرِيدُ، لَا مِنْ حَيْثُ تُرِيدُ. فَأَبَى أَنْ يَسْجُدَ، فَقَالَ اللهُ تَعَالَى: قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِي إِلَى يَوْمِ الدِّينِ[1]۔

Takabbur woh pehla gunah hai jis ke zariye ALLAH ki nafarmani ki gayi. Phir farmaya: Iblees ne kaha: Aye mere Rab! Mujhe Adam (as) ko sajdah karne se maaf farma de, mai teri aisi ibadat karunga jo na kisi muqarrab farishte ne ki ho aur na kisi mursal Nabi ne!

ALLAH Ta'ala ne farmaya: Mujhe teri ibadat ki hajat nahin; mai chahta hun ke meri ibadat us tarah ho jaise mai chahta hun, na jaise tu chahta hai. Pas Iblees ne sajde se inkar kiya, to ALLAH ne farmaya:

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِي إِلَى يَوْمِ الدِّينِ۔

Nikal ja yahan se, tu mardood hai. Aur tujh par meri laanat hai Qiyamat ke din tak.

---

[1] تفسیر القمی: ۱/۴۲

Ilham®

Swiss Collection

EXCLUSIVE PERFUMES

FASTEST GROWING BRAND OF THE YEAR AWARDS 2024

EXCLUSIVE & LONG LASTING FRAGRANCES!



Please visit our website www.ilhamperfumes.com to view complete product range.

Order Now! 0092-301-1131550 / 0092-301-1131549

HEMANI

Live Natural

Skin Care | Hair Care | Health Care | Fragrances | Herbal Oils

A NATURAL *Lifestyle Solution*



Scan this QR or Show This to Any WB STORE **FOR 20% OFF**

www.hemaniherbals.com info@hemanitrading.ae

Emirates Quality Mark

ISO 9001:2015, ISE 14001:2015 & ISO 45001:2018 Certified Company